Text of Mid day Urdu News Bulletin

Time 12:30 PM

Dated: 23 July 2026

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں اعجازہ اختر

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ مرکزی سرکار حالیہ پیپر لیک معاملے میں ملوث افراد کے خلاف فوری مقدمہ چلانے اور انہیں سخت سزا دینے کیلئے فاسٹ ٹریک عدالتیں قائم کرے گی۔ایک سوشل میڈیا پیغام میں وزیر اعظم نے کہا کہ طلباءکے مستقبل کا تحفظ سرکار کی اولین ترجیح ہے۔

PM

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہاہے کہ تمام اصلاحات کے دوران عام شہریوں کی بہبودی کی طرف توجہ مرکوز کی جانی چاہئے اور حکمرانی اقدامات کو لوگوں کی ضروریات کے مطابق عملایا جانا چاہئے۔انہوں نے مزید کہا کہ اصلاحات کی بدولت نہ صرف حکومت کے کام کاج میں بہتری آنی چاہئے بلکہ ملک کو ترقی یافتہ بنانے کے سفر کو بھی دوام حاصل ہونا چاہئے۔ان باتوں کا اظہار وزیر اعظم نے نئی دلی میں وکست بھارت کے خواب کو شرمندہ تعبیر کرنے کے تناظر میں دیہی ترقی ، زراعت ، سماجی بہبود اور دیگر منسلک سیکٹروں کی پیش رفت کا جائزہ لینے کی غرض سے سیکرٹریوں کی ایک میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔اس موقعے پر وزیر اعظم نے حکمرانی کے عمل میننئے تقاضوں کے مطابق جدیدیت لانے کی ضرورت پرزوردیا۔

روٹری LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہانے روٹری کلب آف کشمیر کی حلف برداری تقریب میں شرکت کرکے عوامی بہبود کے تئیں روٹری کلب کی مخلصانہ اور بے لوث خدمات کو اجاگر کیا۔انہوں نے کہا کہ روٹری گذشتہ سو سالوں سے عوامی بہبود کیلئے ایک عالمی قوت کے طور ملک بھر میں ہزاروں کلبوں کے ذریعے مثبت تبدیلی کا باعث بنا ہے۔منشیات سے پاک جموں وکشمیر کیلئے سو روزہ مہم کی کامیابی کو اجاگر کرتے ہوئے انہوں نے کہاکہ کشمیر روٹری کلب بھی اس عوامی مہم میں ایک اعلیٰ کردار ادا کرے گا۔تقریب میں اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈٹیکنالوجی کے وائس چانسلرپروفیسرشکیل احمد روم شو ، سکاسٹ کشمیر کے وائس چانسلرپروفیسر نذیر احمد گنائی،ڈپٹی کمشنر سرینگر اکشے لابرو کے علاوہ کئی دیگر اعلیٰ افسران موجود تھے۔

منشیاتLG

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہاہے کہ جموں وکشمیر کو منشیات سے چھٹکارا دلانے کیلئے سماج کے سبھی طبقوں کو اپنا رول ادا کرنا چاہئے۔ دوردرشن نیوز سرینگر کے جہاں بین پروگرام میں ایک خصوصی انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا کہ اس بدعت کا قلع قمع کرنے کیلئے مختلف سطحوں پر کام کرنے کی ضرورت ہے۔ایل جی نے کہا کہ سپلائی چین کو توڑنے، لوگوں میں زیادہ سے زیادہ بیداری پیدا کرنے نیزمنشیات میں پھنسے نوجوانوں کی بازآبادکاری کو یقینی بنانے کی طرف خصوصی توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

........Byte...........

خراجLG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے چندر شیکھر آزاد اور لوک مانیا بال گنگادھر تلک کو ان کے یوم پیدائش پر خراج عقیدت ادا کیا ہے۔الگ الگ سوشل میڈیا پوسٹس میں ایل جی نے انہیں عظیم مجاہدین آزادی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائے گا۔

Indo-Pak

بھارت نے سرحد پار کی دہشت پسندی کو ایک سٹیٹ پالیسی کے طور پر استعمال کرنے کیلئے پاکستان کی نکتہ چینی کرتے ہوئے کہا ہے کہ کشمیر بھارت کا اٹوٹ انگ ہے۔ان باتوں کا اظہار گورننس سے Natural Resources اقوام متحدہ میں بھارت کے مستقل نمائندے پی ہریش نے

سیکورٹی کونسل کے اعلیٰ سطح کے کھلے مباحثے کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ UN متعلق انڈس واٹر ٹریٹی سے متعلق بھارت کا موقف واضح ہے۔انہوں نے کہا کہ باہمی اعتماد پر اشتراک کو آگے بڑھانا پاکستان کی طرف سے دہشت پسندی کو ہوا دینے کے تناظر میں ممکن نہیں ہے۔

براڈ کاسٹنگ ڈے

آج نشریات کا قومی دن ہے۔آج ہی کے دن 1927میں ملک میں ریڈیو کی نشریات کا آغاز ہوا تھا۔نشریات کی شروعات ممبئی سٹیشن سے ایک نجی براڈکاسٹنگ کمپنی کے ذریعے ہوئی تھی۔اس دن کی مناسبت سے کئی تقاریب کا اہتمام کیا جارہاہے جن میں سماج میں مثبت تبدیلی لانے میں ریڈیو براڈکاسٹنگ کے اہم رول کو اجاگر کیا جارہاہے۔

بڈگامDC

ضلع ترقیاتی کمشنر بڈگام اطہر عامر خانن نے زونی پورہ اور رکھ شالینا میں دریائے جہلم کا دورہ کرکے وہاں پیدا شدہ صورتحال سے نمٹنے کیلئے کئے جارہے انتظامات Embankment کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ کسی بھی ہنگامی صورتحال کا مقابلہ کرنے کیلئے تیار رہیں۔انہوں نے متعلقہ محکموں کے مابین تال میل کے ذریعے عوامی جان ومال کے تحفظ کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا۔

بانڈی پورہDC

ضلع ترقیاتی کمشنر بانڈی پورہ اندو کنول چب نے عوام سے گزارش کی ہے کہ ناساز گار موسم اور مسلسل بارشوں سے پیدا شدہ سیلابی صورتحال کے پیش نظروہ دریاؤں اورندی نالوں سے دور رہیں۔انہوں نے عوام کو خراب موسم کے چلتے چوکس رہنے کی بھی اپیل کی۔

اعجاز اسد

دیہی ترقی اور پنچایتی راج کے سیکرٹری اعجاز اسد نے متعلقہ ضلعی افسران کو ہدایت دی ہے کہ وہ موجودہ سیلابی صورتحال کی وجہ سے دیہی ترقی کے ڈھانچے کو ہوئے نقصانات کا تخمینہ لگا کربحالی کے کام میں سرعت لائیں۔

رام بنDC

ضلع ترقیاتی کمشنر رام بن محمد الیاس خان نے چندر کوٹ میں قائم یاتری نواس کا دورہ کرکے وہاں ٹھہرے امرناتھ شردھالوؤں کیلئے دستیاب سہولیات کا جائزہ لیا۔انہوں نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ یاتریوں کیلئے ہرممکن سہولیات بہم رکھیں اور ان کے جان ومال کی حفاظت کو یقینی بنائیں۔